ہر ماہ کی اخبار

—— شام کی پارلیمنٹ میں ایک رکن نے اس مضمون کی ایک تجویز پیش کی ہے کہ ہر نوجوان شامی کو شادی پر مجبور کیا جائے۔ اس قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کو جرمانہ کی سزا دی جائے اور اس پر بھی اگر وہ شادی پر آمادہ نہ ہو تو اُسے قید کی سزا دی جائے۔ اس قانون سے بیمار اور راہبوں کو مستثنیٰ قرار دیا جائے۔

—— ٹرکی کی برآمد ہونیوالی اشیا میں انڈوں کی روانگی بھی خاص اہمیت رکھتی ہے۔ اس ملک کے لکھوکھا انڈے ہر ہفتہ یورپی ممالک کو روانہ کئے جاتے ہیں۔ ٹرکی کو اس ذریعہ سے ڈیڑھ کروڑ ترکی پونڈ کی آمدنی ہے۔

—— طہران کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ترکی و ایران کے مابین ریلوے لائن کی تعمیر شروع ہو گئی ہے۔

—— حکومت ترکی نے لنڈن اور نیویارک کے ترکی بنکوں کو حکم دیا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں سونا خرید لیں چنانچہ ترکی جمہوری بنک کی لنڈن شاخ نے تین ہزار کیلو گرام سونا خرید کر انگورہ روانہ کیا ہے۔

—— حکومت ترکی کا اعلان مظہر ہے کہ یکم جنوری سے لیکر ۳۱ دسمبر ۱۹۳۶ء تک مال گزاری کے ذریعہ ۱۴ کروڑ ۹۶ لاکھ ۴۴ ہزار ترکی گنی آمدنی ہوئی جو گزشتہ سال کے مقابلہ میں تقریباً ۱۴ ملین گنی زیادہ ہے۔

—— صوبہ سرحد کے گورنر کی تنخواہ ایک لاکھ بیس ہزار روپیہ سالانہ ہوگی، نیز گورنر بنگال کو تنخواہ کے علاوہ پچیس ہزار روپیہ سالانہ بطور الاؤنس اور تین لاکھ سترہ ہزار چھ سو روپیہ بطور تنخواہ اسٹاف ۶۵ ہزار روپیہ برائے دورہ ۲۳ ہزار روپیہ برائے سجاوٹ اور ایک لاکھ ۳۷ ہزار روپیہ برائے دیگر اخراجات سالانہ دیا جائے گا۔ ان اعداد و شمار سے روشن ہے کہ صوبے کے گورنر کا خرچ ساٹھ ہزار روپیہ ماہوار یا سات لاکھ بیس ہزار روپیہ سالانہ ہوگا۔

—— گزشتہ سال حکومت نے ایک کروڑ روپیہ دیہات سدھارنے کیلئے منظور کیا تھا جو تیس کروڑ دیہاتیوں کے فائدے کیلئے مخصوص کیا گیا تھا۔ یعنی حکومت سات لاکھ روپیہ ایک گورنر پر خرچ کرتی ہے اور تیس غریب دیہاتیوں کے سدھارنے کیلئے صرف ایک روپیہ خرچ کیا جاتا ہے۔

—— ہندوستان سے پچاس ہزار ٹن گندم باہر بھیجا گیا۔

—— حکومت نے ہندوستان کے دیہاتوں میں ٹیلیفون لگانے کا فیصلہ کیا ہے جس میں حکومت کو کافی رقم خرچ کرنی پڑے گی۔

اطلاع: خط و کتابت کے وقت ہمیشہ اپنا نمبر خریداری یا پورا پتہ صاف صاف اور خوشخط لکھا کریں نیز منی آرڈر بھیجتے وقت کوپن پر بھی ضرور اپنا نمبر خریداری یا پورا پتہ لکھا کریں اکثر حضرات اس کا خیال نہیں کرتے جس کی وجہ سے ان کی شکایت رفع نہیں ہوتی تو ان کو ناگوار ہوتا ہے حالانکہ اس کے ذمہ دار وہ خود ہیں۔

"منیجر"

جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا